حِزبُ البَحرِ

من أجل أوراد الطريقة الشاذلية

مقدمة حزب البحر، حزب البحر، حزب النصر

للقطب الغوث الفرد الشيخ السيد الإمام

أبي الحسن علي بن عبد الله الشاذلي رحمه الله

بإسناد

الشيخ الشريف الحسني عبد الناصر
أبي بكر الصديق الخيري المشيشي زيد مجده

بعناية

الدكتور عمير محمود الصديقي
الشاذلي المشيشي عفي عنه

ITQAN PUBLISHERS

سیدنا امام ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ

(سوانح اور تعلیمات)

شیخ، امام، حجۃ الصوفیاء، زین العارفین، استاذ الاکابر، عالم باللہ، زمزم الاسرار، معدن الانوار، قطب، غوث، جامع، مجاہد فی سبیل اللہ، تقی الدین ابوالحسن علی بن عبد اللہ بن عبد الجبار بن تمیم بن ہرمز بن حاتم بن قصی بن یوسف بن یوشع بن ورد بن بطال بن محمد بن احمد بن عیسیٰ بن محمد بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم، المعروف امام ابو الحسن شاذلی تونس کے قریب ایک شہر شاذلہ میں ۵۹۱ھ میں پیدا ہوئے۔ حضرت امام شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا حلیہ مبارک یوں تھا کہ آپ کا رنگ گندمی، جسم دبلا پتلا، قد لمبا، رخسار باریک تھے اور ہاتھوں کی انگلیاں لمبی تھیں، گویا کہ آپ حجازی (اہلِ حجاز) معلوم ہوتے تھے۔ دل آپ کی طرف مائل ہو جاتے اور آنکھیں آپ پر فریفتہ ہو جاتی تھیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے باطن میں ایک خاص راز ودیعت فرمایا تھا۔ آپ اپنی عاجزی وانکساری سے دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتے اور اپنی خوبیوں سے لوگوں کو اپنا غلام بنا لیتے۔ آپ نہایت فصیح اللسان اور بلیغ المعانی تھے، گفتگو نہایت شیریں، چہرہ ہمیشہ تبسم سے روشن رہتا۔ آپ کی گفتگو ایسی دل آویز تھی کہ کوئی اس سے اکتاہٹ محسوس نہ کرتا تھا۔ آپ ہر مسجد کے لیے خوبصورت لباس زیب تن فرمایا کرتے تھے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میرے لیے پوری زمین کو مسجد اور طہارت کا ذریعہ بنایا گیا ہے"۔

یعنی اس سر زمین پر جہاں کہیں بھی انسان موجود ہو، وہی مسجد ہے۔ چنانچہ حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ عمدہ لباس میں ملبوس رہا کرتے تھے۔ آپ بنفس نفیس زراعت فرمایا کرتے تھے۔ حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ امام ابوالعباس مرسی رحمۃ اللہ علیہ اور امام شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں ۱۱۸ اشعار پر مشتمل ایک قصیدہ بھی لکھا ہے۔ جب اہل غرب کی طرف سے مصر پر حملے کا ارادہ کیا گیا تو آپ مجاہدین کے ساتھ منصورہ تشریف لے گئے۔ یہ آپ علیہ الرحمۃ کی حیات طیبہ کا آخری دور تھا اور اگرچہ آپ کی آنکھیں کافی کمزور ہو چکی تھیں تاہم آپ منصورہ کی طرف جانے والے مجاہدین کے دستے کے سب سے اول حصے میں شامل تھے۔

آپ علیہ الرحمۃ نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا اور رسول اللہ ﷺ کی سنت و علوم دینیہ کا علم حاصل کیا۔ آپ اپنے احباب کو نصیحت فرماتے کہ وہ درج ذیل کتب کا مطالعہ کریں:

۱۔ ختم الاولیاء، حکیم ترمذی

۲۔ المواقف والمخاطبات، شیخ محمد بن عبدالجبار نفری

۳۔ قوت القلوب، ابو طالب مکی

۴۔ احیاء العلوم، امام غزالی

۵۔ الشفاء، قاضی عیاض

۶۔ المحرر الوجیز، ابن عطیہ

آپ فرماتے تھے کہ تم قوت القلوب کا مطالعہ کیا کرو یہ روح کی غذا ہے۔ آپ کا فرمان ہے کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الاحیاء" علم کا وارث بناتی ہے اور "قوت القلوب" سے نور عطا ہوتا ہے۔

حضرت امام ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ غمارہ سے ۶۲۰ھ میں روانہ ہوئے اور براستہ تونس حج کی ادائیگی کے بعد بغداد تشریف لے گئے۔ بغداد میں آپ کی ملاقات اکابر صوفیا سے ہوئی جن سے آپ نے قطب وقت کے بارے میں سوال کیا۔ اولیاء نے آپ کی رہنمائی حضرت شیخ ابو الفتح واسطی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف فرمائی۔ حضرت شیخ واسطی نے فرمایا: آپ قطب کی تلاش میں عراق پہنچ گئے ہیں جبکہ قطب تو آپ کے شہر میں موجود ہیں۔ آپ اپنے شہر واپس چلے جائیں آپ کی ملاقات قطب سے ہو جائے گی۔ جب آپ واپس غمارہ تشریف لائے تو آپ کو معلوم ہوا کہ جس قطب کی آپ تلاش میں تھے وہ حضرت ابو محمد عبد السلام بن مشیش شریف حسنی رحمہ اللہ ہیں۔ جو کہ غمارہ میں جبل علم کی چوٹی پر ایک خانقاہ میں تطوان کے قریب رہائش پذیر تھے۔ امام شاذلی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایک مدت تک آپ کی صحبت کو اختیار کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی بصیرت کو کھول دیا۔ آپ خود ارشاد فرماتے ہیں:

جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ غمارہ میں ایک پہاڑ کی چوٹی پر تشریف فرما تھے۔ میں نے غمارہ کے اس پہاڑ کے دامن کے ایک چشمے میں غسل کیا اور اپنے علم و عمل سے باہر آگیا۔ آپ کی بارگاہ میں ایک ضرورت مند بن کر حاضر ہوا۔ آپ یکایک

میری طرف تشریف لائے۔ آپ کے جسم مبارک پر ایک پیوند لگی چادر تھی اور سر پر ایک موٹے کپڑے کی ٹوپی تھی۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: علی بن عبد اللہ بن عبد الجبار تمہیں خوش آمدید! یہ رسول اللہ ﷺ تک میرا نسبی نام تھا۔ پھر آپ نے مجھ سے فرمایا: اے علی آپ اپنے علم و عمل سے جدا ہو کر ضرورت مند بن کر ہمارے پاس آئے ہیں تو آپ نے ہم سے دنیا اور آخرت کی تونگری لے لی ہے۔ مجھ پر آپ کی دہشت طاری ہو گئی۔ میں آپ کی خدمت میں کچھ دن حاضر رہا یہاں تک کہ اللہ نے میری بصیرت کو کھول دیا۔

حضرت شیخ عبد السلام بن مشیش رحمہ اللہ جلیل القدر عالم دین اور قطب اکبر تھے۔ آپ کے بارے میں مشہور ہے کہ آپ کا بلاد مغرب میں وہی مقام ہے جو امام شافعی رحمہ اللہ کا مصر میں تھا۔ امام شاذلی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص میرے استاذ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے عرض کی کہ میرے لیے کچھ اوراد اور وظائف لازم قرار دے دیں۔ شیخ اس پر سخت ناراض ہو گئے اور فرمایا کہ کیا میں رسول ہوں اور فرائض و واجبات کو متعین کرتا ہوں؟ فرائض معلوم ہیں۔ گناہ مشہور ہیں۔ تم فرائض کی حفاظت کرو اور گناہوں کا انکار کرو۔ اپنے دل کو دنیا کی چاہت، عورتوں کی محبت، حب جاہ، شہوات کی ترجیح سے دور رکھو۔ جو کچھ اللہ نے تمہارے لیے تقسیم فرما دیا ہے اس پر قناعت کرو۔ پس جب تمہارے لیے رضا کا کوئی مقام نکل آئے تو اس پر اللہ کا شکر ادا کرنا اور جب تمہارے لیے ناپسندیدہ حالات کا کوئی راستہ نکل آئے تو صبر کرنا۔ اللہ کی محبت قطب ہے جس کے گرد تمام نیکیاں گھومتی ہیں۔ یہ سب جامع الانوار (یعنی انوار و تجلیات کو جمع کرنے والے مقام) کی اصل کرامات ہیں۔

حضرت شیخ عبد السلام بن مشیش رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ان تمام (مذکورہ) باتوں کا مصدر چار امور ہیں:

ورع کی سچائی، حسن نیت، اخلاص عمل اور علم کی صحبت۔ اور یہ تمام امور تمہیں اس وقت تک مکمل حاصل نہیں ہوں گے جب تک تم کسی صالح دوست یا ناصح شیخ کی صحبت اختیار نہیں کرو گے۔

جب امام شاذلی کی اپنے شیخ کے پاس مدت اقامت مکمل ہو گئی تو شیخ نے فرمایا: اے علی، آپ افریقہ روانہ ہو جائیں وہاں شاذلہ میں قیام فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ کا نام شاذلی رکھے گا۔ اس کے بعد آپ تونس منتقل ہو جائیں وہاں آپ کے پاس اس شہر کا اقتدار لایا جائے گا۔ پھر آپ مشرق منتقل ہو جائیں وہاں آپ کو قطبیت کی وراثت عطا ہو گی۔ جب جدائی کا وقت آیا تو امام ابو الحسن نے اپنے شیخ سے عرض کی کہ سیدی مجھے کوئی وصیت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا: اے علی، اللہ اللہ کرتے رہنا اور لوگوں کے حقوق کا بھی خیال رکھنا۔ اپنی زبان کو لوگوں کے ذکر سے اور اپنے دل کو ان کی طرف جھکنے سے پاک رکھنا۔ تم پر لازم ہے کہ اپنے اعضاء کی حفاظت کرنا اور فرائض کو ادا کرتے رہنا، اللہ تم پر اپنی ولایت کو مکمل فرمائے گا۔ لوگوں کا ذکر صرف اسی صورت میں کرنا جب اللہ کا تم پر حق واجب ہو، اس طرح تمہارا تقویٰ مکمل ہو جائے گا۔

امام ابو الحسن فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ سے دعا کی کہ اے رب تو نے مجھے شاذلی کا لقب کیوں عطا کیا؟ تو مجھ پر القاہوا: "إِنَّمَا أَنْتَ الشَّاذُّ لِيْ" یعنی تم میرے دین کی خدمت اور میری محبت کے لیے ہی ہو۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت کی، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے علی، آپ مصر تشریف لے جائیں، وہاں آپ چالیس صدیقین کی تربیت فرمائیں گے۔ چنانچہ آپ مصر میں اسلام کی دعوت و تبلیغ اور اصلاح و ارشاد کا کار عظیم سرانجام دیتے رہے۔ آپ کی مجلس میں شیخ عزالدین بن عبد السلام، شیخ تقی الدین بن دقیق العید، شیخ عبد العظیم منذری، ابن صلاح، ابن حاجب، شیخ جمال الدین عصفور، شیخ نبیہ الدین ابن عوف، شیخ محی الدین بن سراقہ، حضرت خاتم الاولیاء ابن العربی رحمہ اللہ کے شاگرد ابوالعلم یاسین اور شیخ امام قاضی القضاہ بدر الدین بن جماعہ حاضر ہوا کرتے تھے۔

شیخ عارف مکین الدین اسمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

میں منصورہ میں ایک خیمہ میں داخل ہوا اس میں امام عزالدین بن عبد السلام، شیخ مجد الدین قشیری، شیخ محی الدین بن سراقہ، شیخ مجد الدین اخمیمی اور امام ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہم موجود تھے اور ان بزرگوں کے سامنے رسالہ قشیریہ پڑھا جارہا تھا اور وہ اس کے معارف کے بارے میں بات کر رہے تھے۔ اس مجلس میں امام ابوالحسن شاذلی خاموش تھے۔ جب تمام لوگ اپنے اپنے کلام سے فارغ ہوگئے تو انہوں نے کہا کہ یا سیدی ہم آپ سے بھی کچھ سننا چاہتے ہیں۔ امام ابوالحسن شاذلی نے فرمایا: آپ سب اپنے وقت کے سادات اور اکابرین ہیں۔ آپ سب کلام فرما چکے ہیں (یہ کافی ہے)۔ ان سب نے کہا کہ ہم آپ سے ضرور کچھ سننا چاہیں گے۔ شیخ تھوڑی دیر خاموش رہے اور پھر آپ نے عجیب اسرار و رموز اور علوم جلیلہ بیان فرمائے۔ امام عزالدین بن عبد السلام کھڑے ہوئے اور خیمہ سے باہر تشریف لے گئے اور باہر جا کر فرمایا:

"اس منفرد گفتگو کو سنو جو تمہیں اللہ کے قریب کر دے گی"۔(لطائف المنن: ص ۶۷)

امام ابو الحسن شاذلی فرماتے ہیں:

اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ جب کسی کو ولی بناتا ہے تو اسے ولی کے مرتبہ پر فائز کرنے سے قبل اس کی محبت میرے دل میں ڈال دیتا ہے اور جب وہ کسی بندے کو رد کر دیتا ہے تو اسے رد کرنے سے قبل اسے میرے دل سے دور کر دیتا ہے۔(لطائف المنن: ص ۶۸)

جب حضرت امام شاذلی سفر حج سے واپس تشریف لائے تو آپ اپنے گھر جانے سے قبل امام عز الدین بن عبد السلام کے پاس تشریف لے گئے اوران سے فرمایا: اللہ کے رسول ﷺ نے آپ کو سلام فرمایا ہے۔ شیخ عز الدین بن عبد السلام نے خود کو اس کا اہل نہیں جانا اور بہت عاجزی اور انکساری کا اظہار کیا۔(لطائف المنن: ص ۶۹)

حضرت شیخ ابو العباس مرسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: میں شیخ ابو الحسن کے ساتھ قیروان میں تھا کہ شب جمعہ ماہ رمضان المبارک کی ۲۷ ویں رات کو شیخ جامع مسجد میں داخل ہوئے اور احرام کی نیت فرمائی۔ میں نے دیکھا کہ اولیاء عظام آپ کے ارد گرد اس طرح جمع ہیں جس طرح مکھیاں شہد پر جمع ہوتی ہیں۔ جب صبح ہوئی اور ہم جامع مسجد سے روانہ ہوئے تو شیخ امام ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ نے فرمایا:

گذشتہ رات شب قدر تھی اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے علی، تم اپنے لباس کو ہر طرح کے میل سے پاک رکھو تم ہر سانس میں اللہ کی مدد پاؤ گے۔ میں نے عرض کی کہ: اے اللہ کے رسول ﷺ میر الباس کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے تمہیں پانچ خلعتیں عطا فرمائی ہیں:

۱۔ خلعت محبت ۲۔ خلعت معرفت ۳۔ خلعت توحید

۴۔ خلعت ایمان ۵۔ خلعت اسلام

جس نے اللہ سے محبت کی اس کے لیے ہر چیز آسان ہو جاتی ہے۔

جس نے اللہ کی معرفت حاصل کر لی اس کے لیے ہر شے چھوٹی ہو جاتی ہے۔

جو اللہ کی توحید پر ایمان لے آتا ہے وہ کبھی اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔

جو اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ ہر چیز سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

جو اللہ کا فرمانبردار ہو جائے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتا اور اگر نافرمانی ہو جائے تو اس کی بارگاہ میں عذر پیش کرتا ہے اور جب بندہ اللہ کی بارگاہ میں اپنی معذوری کا اظہار کرتا ہے تو اللہ اس کا عذر قبول فرمالیتا ہے۔

امام ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں کہ اس وقت مجھے اللہ کے اس فرمان ﴿وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ﴾ (المدثر: ٤) کا مفہوم سمجھ آیا۔ (لطائف المنن: ص ۱۷)

حضرت امام ابوالحسن شاذلی سے پوچھا گیا کہ سیدی، آپ اہل تصوف کے علوم پر مشتمل کوئی ایسی کتاب کیوں تحریر نہیں فرماتے جو اللہ تعالیٰ کی معرفت کی طرف رہنمائی کرنے والی ہو؟ آپ نے فرمایا: "كُتُبِيْ أَصْحَابِيْ" یعنی میری کتب و تصانیف میرے دوست ہیں۔ (لطائف المنن: ص ۱۵)

حضرت امام ابوالحسن شاذلی علیہ الرحمۃ کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے صحراء عیذاب میں ہوئی اور آپ فرماتے ہیں:

تمام اولیاء کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام حیات ہیں اور یہ بات تواتر کی حد تک پہنچ چکی ہے کہ ہر زمانہ کے اولیاء نے آپ سے ملاقات فرمائی ہے اور استفادہ کیا ہے۔ اولیاء کے مابین یہ بات اس حد تک مشہور ہے کہ اس کا انکار ممکن نہیں ہے۔

خاتم الاولیاء شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رحمہ اللہ ذکر فرماتے ہیں کہ حضرت ابو سعود بن شبل رحمۃ اللہ علیہ ایک روز حضرت سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی خانقاہ میں جھاڑو دے رہے تھے تو حضرت خضر علیہ السلام آپ کے سر کے پاس آکر کھڑے ہوئے اور کہا: السلام علیکم! حضرت ابو سعود رحمہ اللہ نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور جواباً وعلیکم السلام کہا اور پھر اپنے اسی کام یعنی جھاڑو دینے میں مصروف ہو گئے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے آپ سے پوچھا کہ آپ کو کیا ہو گیا ہے کہ آپ نے میری طرف سے بے نیازی کا اظہار کیا گویا کہ مجھے پہچانا ہی نہیں۔ حضرت ابو سعود نے فرمایا: کیوں نہیں میں نے آپ کو پہچان لیا کہ آپ حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا: پھر آپ نے میری طرف توجہ کیوں نہیں کی؟ حضرت ابو سعود نے حضرت خضر علیہ السلام سے کہا: جب سے میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کی طرف متوجہ ہوا ہوں تو آپ نے مجھ میں کوئی ایسی بات نہیں ترک فرمائی کہ اس کے لیے مجھے کسی اور کی ضرورت ہو۔

شیخ ابو الحسن شاذلی فرماتے ہیں:

ایک دن میں نے اپنے سفر سیاحت میں اللہ سے عرض کی کہ: اے میرے معبود میں تیرا شکر گزار بندہ کب بنوں گا؟ تو کسی کہنے والے نے مجھ سے کہا: جب تو اپنے سوا کسی ایسے

شخص کو نہ دیکھے جس پر اللہ نے انعام فرمایا ہو۔ میں نے عرض کہ: اے میرے معبود یہ کیسے ممکن ہے کہ میں اپنے سوا کسی ایسے شخص کو نہ دیکھوں جس پر تو نے انعام فرمایا ہو، جب کہ تو نے انبیاء، علماء اور بادشاہوں پر بھی انعام فرمایا ہے۔ تو کسی کہنے والے نے کہا کہ اگر انبیاء نہ ہوتے تو تمہیں ہدایت نہیں ملتی۔ اگر علماء نہ ہوتے تو تم کس کی اقتداء کرتے۔ اور اگر بادشاہ نہ ہوتے تو تم پر امن نہ ہوتے۔ تو ہر شے تم پر میری ہی نعمت کا انعام ہے۔ (لطائف المنن: ص۷۹)

امام شاذلی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی حدیث: "إنه ليغان على قلبي فأستغفر الله في اليوم سبعين مرة" "میرے دل پر کبھی پردہ چھا جاتا ہے تو میں اللہ سے ایک دن میں ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں" سنی تو دل میں اس کے معنی پر اشکال وارد ہوا۔ خواب میں مجھے رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے مبارک! یہ انوار کا پردہ ہے نہ کہ اغیار کا حجاب۔ (لطائف المنن: ص۸۱)

آپ کے بارے میں منقول ہے کہ جب آپ مدینہ طیبہ (زادہا اللہ تشریفا وتعظیما) حاضر ہوئے تو حرم کے دروازے پر دن کی ابتداء سے نصف النہار تک ننگے سر اور ننگے پاؤں کھڑے رہے اور رسول اللہ ﷺ سے حاضری کا اذن طلب کرتے رہے۔ جب آپ سے اس بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: میں اسی طرح کھڑا رہوں گا یہاں تک کہ مجھے اجازت نصیب ہو جائے۔ بے شک اللہ کا فرمان ہے: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ﴾ (الأحزاب: ۵۳) "اے ایمان والو! نبی

کے گھروں میں نہ حاضر ہو جب تک اذن نہ پاؤ"۔ آپ نے روضہ شریفہ (علی ساکنہا افضل الصلاۃ والسلام) سے ندا سنی: اے علی داخل ہو جائیں۔ امام شاذلی روضہ شریفہ کے سامنے کھڑے ہوئے اور عرض کی:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَفْضَلَ وَأَزْكَى وَأَسْنَىٰ وَأَعْلَى صَلَاةٍ صَلَّاهَا أَحَدٌ مِنْ أَنْبِيَائِهِ وَأَصْفِيَائِهِ، أَشْهَدُ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَنَّكَ بَلَّغْتَ مَا أُرْسِلْتَ بِهِ، وَنَصَحْتَ أُمَّتَكَ، وَعَبَدْتَ رَبَّكَ حَتَّى أَتَاكَ الْيَقِيْنُ، وَكُنْتَ كَمَا قَالَ اللهُ فِي كِتَابِهِ: ﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوْفٌ رَّحِيمٌ﴾(التوبة: ١٢٨)

حضرت امام ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی، میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ متابعت کی حقیقت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر شے میں، ہر شے کے ساتھ اور ہر شے کے پاس جس ہستی کی اتباع کی جائے اسی کو دیکھنا۔ (الطبقات الکبری: ص ۲۹۲)

شیخ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زیارت ہوئی تو آپ نے مجھ سے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ دنیا کی محبت دل سے نکل جانے کی علامت کیا ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ مجھے نہیں معلوم۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دنیا کی محبت دل سے نکل جانے کی علامت یہ ہے کہ جب دنیا پانے کا موقع ملے تو اسے خرچ کر دو اور جب دنیا نہ ملے تو اس کے نہ ہونے کے سبب دل کو راحت ملے اور تکلیف محسوس نہ ہو۔ (لطائف المنن: ص ۸۱)

حضرت شیخ احمد بن عطاء اللہ سکندری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ کا طریقہ سب سی بڑی بے نیازی اور عظیم وصال یعنی قرب الٰہی تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔ یہاں تک کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ شیخ وہ نہیں جو تمہاری مشقت کی طرف تمہاری رہنمائی کرے بلکہ شیخ وہ ہے جو تمہاری راحت کی طرف رہنمائی کرے۔ بلاد مغرب میں آپ کی زیر تربیت ابوالحسن صقلی، عبد اللہ جیبی، شہاب الدین احمد بن عمر انصاری مرسی، الحاج محمد قرطبی، ابوالحسن بجاوی، ابو عبد اللہ بجائی، وجہانی اور خراز جیسے اکابرین نے استفادہ کیا۔ جبکہ مصر میں آپ کی صحبت بابرکت سے شیخ مکین الدین اسمر، شیخ عبدالحکیم، شیخ شریف بونی، شیخ عبد اللہ لقانی، شیخ عثمان بورنجی اور شیخ امین الدین جبریل مستفید ہوئے۔ آپ کا طریق حضرت شیخ عبدالسلام بن مشیش علیہ الرحمۃ کی طرف منسوب ہے اور شیخ عبدالسلام کی نسبت حضرت عبدالرحمن مدنی سے اول الاقطاب حضرت سیدنا حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم تک پہنچتی ہے۔ (لطائف المنن: ص ۸۳)

شیخ تقی الدین بن دقیق العید فرماتے ہیں: میں نے امام شاذلی سے زیادہ کسی کو عارف باللہ نہیں دیکھا۔ (حسن المحاضرۃ فی تاریخ مصر والقاہرۃ: ج:۱/ص:۵۲۰)

امام سبکی علیہ الرحمۃ طبقات شافعیہ میں فرماتے ہیں کہ امام عارف ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ کو خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کے سامنے امام غزالی علیہ الرحمۃ پر فخر فرمارہے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں انبیاء علیہما السلام سے فرمایا کہ: کیا آپ دونوں کی امت میں ان جیسا کوئی عالم ہے؟ ان دونوں نے جواب میں کہا: نہیں۔ (طبقات شافعیہ کبری: ج: ۶/ ص:۲۵۷)

امام شاذلی فرماتے ہیں کہ میں اور میرے ایک دوست نے ایک غار میں اپنا ٹھکانا بنالیا اور ہم اللہ کے قرب اور اس کی بارگاہ میں وصول کو طلب کرنے لگے یہاں تک کہ ہم کہنے لگے کہ ہم پر کل اللہ کی طرف سے دروازہ کھل جائے گا یا کل کے بعد کھل جائے گا۔ ہمارے پاس اچانک ایک پُر ہیبت شخص داخل ہوا۔ ہم نے ان سے کہا آپ کون ہیں؟ انہوں نے جواب میں کہا: میں عبد الملک ہوں۔ ہم سمجھ گئے کہ یہ اللہ کے ولیوں میں سے ہیں۔ ہم نے ان سے عرض کی کہ آپ کا حال کیسا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس کا حال کیا ہو گا جو یہ کہتا ہے کہ مجھ پر کل اللہ کی طرف سے دروازہ کھل جائے گا یا کل کے بعد کھل جائے گا۔ اس کے لیے ولایت ہے نہ فلاح ہے۔ اے نفس! تو اللہ کی عبادت (بلا غرض) کیوں نہیں کرتا؟

آپ فرماتے ہیں کہ ہم سمجھ گئے یہ ہمارے پاس کس کی طرف سے تشریف لائے تھے۔ ہم نے اللہ سے توبہ کی اور استغفار کیا تو اللہ کی محبت کا دروازہ کھل گیا۔

اقوال

۱۔ جب تمہارا کشف اللہ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت سے متصادم ہو تو اپنے کشف کو چھوڑ دو۔ اپنے نفس سے کہو کہ اللہ تعالیٰ نے کتاب و سنت کی اتباع میں میری عصمت کی ضمانت دی ہے اور کشف والہام میں میری عصمت کا وہ ضامن نہیں ہے۔ (الطبقات الکبریٰ: ص: ۲۹۱)

۲۔ جب اللہ کا ذکر تمہاری زبان پر بھاری ہو جائے۔ تمہاری گفتگو میں لغو کی کثرت ہو

جائے۔ تمہارے اعضاء شہوات میں خوشی محسوس کریں اور تمہارے مفادات میں غوروفکر کا دروازہ بند ہو جائے تو جان لو کہ یہ سب تمہارے بڑے بھاری گناہوں کے باعث ہے یا تمہارے دل میں نفاق کی نیت تھی۔ اس صورت میں تمہارے پاس طریقت، اصلاح، اللہ کے احکامات کو مضبوطی سے تھامنے اور اللہ تعالیٰ کے دین کے لیے اخلاص کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا: ﴿إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَاعْتَصَمُوا بِاللَّهِ وَأَخْلَصُوا دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا﴾ (النساء: ١٤٦) ''مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی وہ سنور گئے اور انہوں نے اللہ سے مضبوط تعلق جوڑ لیا اور انہوں نے اپنا دین اللہ کے لئے خالص کر لیا تو یہ مؤمنوں کی سنگت میں ہوں گے اور عنقریب اللہ مؤمنوں کو عظیم اجر عطا فرمائے گا''۔ (الطبقات الکبری: ص ۲۹۲)

۳۔ حرام کے ارتکاب کی سزا آخرت میں عذاب ہے۔ اطاعت گزاروں کی سزا حجاب (اللہ سے دوری) ہے جب ان کی عبادات میں بے ادبی شامل ہو جائے۔ (الطبقات الکبری: ص ۲۹۲)

۴۔ نفاق کی علامت میں سے ہے کہ زبان پر اللہ کا ذکر کرنا بھاری ہو جائے۔ تم اللہ کی طرف رجوع کرو، اللہ تعالیٰ تمہاری زبان پر ذکر کو آسان فرمادے گا۔

۵۔ اللہ کی قسم! اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اس لیے نازل نہیں فرمایا کہ وہ ان کی شان میں کمی فرمادے بلکہ اللہ نے ان کو اس لیے زمین پر اتارا کہ اللہ ان کو کامل فرما

دے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے زمین پر نازل ہونے کا ذکر آپ کی تخلیق سے قبل ہی فرمادیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ (البقرة: ٣٠) ''بے شک میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں''۔ اللہ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں جنت میں یا آسمان میں خلیفہ بناؤں گا۔ آپ جنت میں اللہ کے عرفان کے ساتھ اس کی عبادت فرماتے تھے اور جب اللہ نے آپ کو زمین پر اتارا تو آپ مکلف ہونے کی حیثیت سے اللہ کی عبادت فرماتے تھے۔ جب عبودیت کے یہ دونوں پہلو آپ میں جمع ہو گئے تو آپ اس بات کے مستحق قرار پائے کہ آپ خلیفہ بن جائیں۔

٦۔ ایک خصلت ایسی ہے جو تمام اعمال کو برباد کر دیتی ہے۔ اکثر لوگ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ وہ یہ ہے کہ بندہ اللہ کے فیصلہ پر ناراضگی کا اظہار کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ﴾ (محمد: ٩) ''یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل فرمائی تو اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے''۔

٧۔ اکابر کی مجلس کے آداب میں سے ہے کہ ان کے عقائد کے بارے میں تجسس نہ کیا جائے اور علماء کی مجلس کے آداب میں سے ہے کہ ان سے کوئی ایسی بات نہ کی جائے جو منقول نہ ہو۔

٨۔ مرید کے صدق کی علامت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی عبادت پر بدلہ طلب نہ کرے۔ وہ غلام جو اجرت پر کام کرے اس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی اور نہ ہی اسے حرم

تک داخلہ نصیب ہوتا ہے۔ محض اپنے آقا سے اجرت طلب کرنے کے سبب وہ اپنے آقا سے دور ہو جاتا ہے۔

۹۔ ہر وہ مرید جس نے اپنی بصیرت کی آنکھ کے کھلنے کا دعویٰ کیا، جبکہ اس کے دل میں ابھی تک لوگوں کے مال کی لالچ باقی ہے، تو وہ جھوٹا ہے۔

۱۰۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خواب میں زیارت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار چیزیں ایسی ہیں جن کے ساتھ فقہ نفع نہیں دیتا۔ دنیا کی محبت، آخرت کو بھلا دینا، تنگدستی کا خوف اور لوگوں کا خوف۔

۱۱۔ ہمارے نزدیک اس سے بڑا کوئی گناہ نہیں کہ دنیا سے محبت کی جائے اور آخرت پر دنیا کو ترجیح دی جائے۔

۱۲۔ جو شخص عبادت میں بے ادبی کرے، وہ اللہ تعالیٰ سے حجاب (پردے اور دوری) کی سزا میں مبتلا کر دیا جاتا ہے، اور جو اپنی موجودہ روحانی حالت سے غافل ہو جائے، وہ مزید ترقی سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

۱۳۔ جب تمہیں کثرت سے وساوس اور برے خیالات آنے لگیں تو کہو: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ: ﴿إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ، وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى اللهِ بِعَزِيزٍ﴾ (الفاطر: ١٦، ١٧) "پاک ہے وہ بادشاہ اور بہت زیادہ پیدا کرنے والا، اگر وہ چاہے تمہیں نابود کر دے اور نئی مخلوق لے آئے، اور یہ اللہ پر کچھ مشکل نہیں ہے"۔

۱۴۔ دوڑ میں سب سے آگے نکلنے والے مرد، اہل علم و معرفت ہوتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ عورتوں اور دنیا نے ان کی عقلوں کو چھین لیا تو شیطان ان کے ساتھ کھیلنے لگا۔ پس عورتوں اور دنیا سے ہوشیار رہو، سچائی اور تقویٰ کو لازم پکڑو، اور برے مقامات کو چھوڑ کر بلند درجات کی طرف بڑھو۔

۱۵۔ میں نے خواب میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زیارت اس آیت ﴿كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ﴾ (الرحمن: ٢٦) کی قراءت کے وقت کی۔ آپ نے فرمایا: جو باقی ہے اس سے تعلق جوڑلو۔ جو فانی ہے اسے چھوڑ دو۔

۱۶۔ تصوف نفس کو بندگی کی تربیت دینے اور اسے ربوبیت کے احکام کے سامنے جھکانے کا نام ہے۔ صوفی میں چار اوصاف ہوتے ہیں:

۱۔ اللہ کے اخلاق سے متخلق ہونا۔

۲۔ اللہ کے احکام کے قریب رہنا۔

۳۔ اللہ سے حیاء کرتے ہوئے اپنی نفس کی حمایت چھوڑ دینا۔

۴۔ اللہ کی معیت میں سچائی اور خلوص کے ساتھ ثابت قدم رہنا۔

۱۷۔ مجھے ایک رات یہ دعا سکھائی گئی:

"اللّٰهُمَّ اجْعَلْ قَضَاءَكَ وَمَحَابَّكَ وَلِقَاءَكَ وَذَاتَكَ وَذَاتَ رَسُولِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّم وَسِرَّ ذَاتِ رَسُولِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّم أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَأَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَمَالِيْ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ".

"اے اللہ، اپنے فیصلے، اپنی محبوب چیزوں، اپنی ملاقات، اپنی ذات، اپنے رسول ﷺ کی ذات اور اپنے رسول ﷺ کی ذات کے راز کو میری جان، میرے اہل وعیال، میری اولاد، میرے مال اور تمام لوگوں سے بڑھ کر مجھے محبوب بنادے"۔(آمین)

۱۸۔اگر تم چاہتے ہو کہ تمہیں رزق بارش کی طرح عطا کیا جائے تو "قل أعوذ برب الفلق" کی قراءت پر دوام اختیار کرلو۔

وصال

آپ نے فرمایا: جب میرا وصال ہو جائے تو تم پر لازم ہے کہ ابو العباس مرسی کی صحبت کو اختیار کرلو کیونکہ وہ میرے بعد میرے خلیفہ ہوں گے۔ان کا مقام تمہارے درمیان بہت عظیم ہو گا اور یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک جانے کا ذریعہ ہوں گے۔ آپ اس شب اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر ذکر کرتے رہے جسے آپ کے ساتھیوں نے بھی سنا۔ آپ کہہ رہے تھے: اے میرے معبود! اے میرے معبود! جب آپ خاموش ہو گئے تو لوگ سمجھے کہ آپ سو گئے ہیں لیکن جب آپ کو حرکت دی گئی تو معلوم ہوا کہ آپ کا وصال ہو چکا ہے۔

اپنے وصال سے قبل آپ نے اپنے مریدین کو ابو العباس مرسی رحمہ اللہ کی صحبت اختیار کرنے کی وصیت فرمائی۔اس مقام پر ڈاکٹر عبد الحلیم محمود فرماتے ہیں کہ کہ شیخ کی اپنی اولاد امجاد بھی موجود تھی لیکن آپ نے انہیں اپنا خلیفہ مقرر کرنے کے بجائے اسے منتخب کیا جو اس منصب کے اہل تھے۔ہم امید کرتے ہیں کہ دور حاضر میں لوگ اس

راہِ طریقت کو ایسا کمائی کا ذریعہ نہیں بنائیں جو میراث میں اسی طرح منتقل ہوتی ہے جس طرح جائیداد تقسیم کی جاتی ہے۔ حضرت امام ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ کا وصال وادی حمیثرہ، مصر میں ۶۵۶ھ میں ہوا اور وہیں آپ کی تدفین کی گئی۔ آپ کا مزار اقدس اسی وادی میں مرجع خلائق ہے۔

حزب البحر

امام ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں:

اگر یہ دعا اہل عراق کے پاس ہوتی تو تاتاریوں کا فتنہ ان پر غالب نہ آتا۔

آپ کا فرمان ہے:

اپنی اولاد کو حزب البحر یاد کروایا کرو کیونکہ اس میں اسم اعظم ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہاری دعا پلک جھپکنے کی دیر میں قبول ہو تو تم پر لازم ہے کہ ان پانچ چیزوں کو اختیار کر لو۔

۱۔ اللہ کے احکامات پر عمل

۲۔ حرام سے اجتناب

۳۔ باطن کی طہارت

۴۔ توجہ کو مرکوز رکھنا

۵۔ بے قراری

﴿أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ أَإِلَٰهٌ مَّعَ اللَّهِ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ﴾ (النمل: ٦٢)

"بلکہ وہ کون ہے جو بے قرار شخص کی دعا قبول فرماتا ہے جب وہ اسے پکارے اور تکلیف دور فرماتا ہے اور تمہیں زمین میں (پہلے لوگوں کا) وارث و جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہو"

وہ محروم ہے جو اللہ سے اس حال میں دعا کرے کہ اس کا دل غیر کے ساتھ مشغول ہو۔

سالکین کو چاہیے کہ دعاء حزب البحر ہر نماز عصر کے بعد روزانہ پڑھیں۔

مصادر

۱۔لطائف المنن في مناقب الشيخ أبي العباس المرسي وشيخه أبي الحسن الشاذلي، سیدی احمد بن عطاء اللہ سکندری، دار المقطم للنشر والتوزیع، ۲۰۱۷ء

۲۔طبقات الشافعية الكبرى، تاج الدین عبد الوہاب بن تقی الدین سبکی، ناشر ھجر للطباعۃ والنشر والتوزیع، طبعہ ثانیہ ۱۴۱۳ھ

۳۔الطبقات الكبرى، امام عبد الوہاب شعرانی شافعی مصری، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، طبعہ ثالثہ ۲۰۱۳ء

۴۔ حسن المحاضرة في تاريخ مصر والقاهرة، امام جلال الدین سیوطی، دار احیاء الکتب العربیۃ، عیسیٰ البابی الحلبی وشرکائہ، طبعہ اولیٰ ۱۹۶۷ء

۵۔طبقات الأولياء، امام سراج الدین عمر بن علی ابن ملقن، مکتبۃ الخانجی، قاہرہ، طبعہ اولیٰ، ۱۹۷۲ء

۶۔المدرسة الشاذلية وإمامها أبو الحسن الشاذلي، دکتور عبد الحلیم محمود، دار الکتب الحدیثۃ، مصر

۷۔أبو الحسن الشاذلي، محمد بوذینہ، دار الترکی للنشر، ترکی، ۱۹۸۹

مُقَدَّمَةُ حِزْبِ الْبَحْرِ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ. ﴿مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا﴾. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ. بِهِ الْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ. رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَيْنَا، يَا مُيَسِّرَ كُلِّ عَسِيرٍ. بِحَقِّ: أَلِف بَاء تَاء ثَاء جِيم حَاء خَاء دَال ذَال رَاء زَاي سِين شِين صَاد ضَاد طَاء ظَاء عَيْن غَيْن فَاء قَاف كَاف لَام مِيم نُون هَاء وَاو لَام أَلِف يَاء. لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ. جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلَ مَا هُوَ أَهْلُهُ. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ

أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا. اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا.

الفَاتِحَةُ

عَلٰى أَيِّ نِيَّةٍ يُرِيدُهَا صَاحِبُهَا

حِزْبُ الْبَحْر

أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ. ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾. اللّٰهُمَّ يَا مَنْ جَعَلْتَ الصَّلَاةَ عَلَى الْحَبِيْبِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَفْضَلِ الْقُرُبَاتِ، فإِنَّنِيْ أَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ بِجَمِيْعِ الصَّلَوَاتِ الَّتِيْ صُلِّيَتْ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَوَّلِ نَشْأَةٍ إِلَى مَا لَا نِهَايَةَ لِلْكَمَالاتِ. اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلىٰ آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَفْتَحُ لَنَا بِهَا أَبْوَابَ الرِّضَا وَالتَّيْسِيْرِ، وَتُغْلِقُ بِهَا عَنَّا أَبْوَابَ الشَّرِّ وَالتَّعْسِيْرِ، وَتَكُوْنُ لَنَا بِهَا وَلِيًّا وَّنَصِيْرًا. أَنْتَ وَلِيُّنَا وَمَوْلَانَا فَنِعْمَ الْمَوْلىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ. اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ يا اللّٰهُ يا اللّٰهُ يا اللّٰهُ يا عَلِيُّ يا عَظِيمُ يا حَلِيمُ يا عَلِيمُ. أَنْتَ رَبِّي وَعِلْمُكَ حَسْبِي. فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّي وَنِعْمَ الحَسْبُ حَسْبِي. تَنْصُرُ مَنْ تَشَاءُ وَأَنْتَ العَزِيزُ الرَّحِيمُ. نَسْأَلُكَ العِصْمَةَ فِي الحَرَكاتِ وَالسَّكَناتِ وَالكَلِماتِ وَالإِرَادَاتِ وَالخَطَراتِ وَاللَّحَظَاتِ وَالخَصَراتِ مِنَ الشُّكُوكِ وَالظُّنُونِ وَالأَوْهَامِ السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوبِ عَنْ مُطَالَعَةِ الغُيُوبِ، فَقَدِ ﴿ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا، وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا﴾. فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنا، وَسَخِّرْ لَنا هٰذا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام، وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا إِبْراهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَام، وَسَخَّرْتَ

الْجِبالَ وَالْحَدِيْدَ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام، وَسَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَالشَّيَاطِينَ وَالْجِنَّ وَالْإِنْسَ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا سُلَيْمانَ عَلَيْهِ السَّلَام، وَسَخَّرْتَ الثَّقَلَيْنِ وَسَخَّرْتَ الثَّقَلَيْنِ وَسَخَّرْتَ الثَّقَلَيْنِ، وَسَخَّرْتَ كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الأَرْضِ وَالسَّماءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ وَبَحْرَ الدُّنْيا وَبَحْرَ الآخِرَةِ، وَسَخَّرْتَ كُلَّ شَيْءٍ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ، سَخِّرْ لَنا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْأَرْضِ وَالسَّماءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ وَبَحْرَ الدُّنْيا وَبَحْرَ الآخِرَةِ، سَخِّرْ لَنا كُلَّ شَيْءٍ يا مَنْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ. ﴿كٓهيعٓصٓ كٓهيعٓصٓ كٓهيعٓصٓ﴾. اللّٰهُمَّ انصُرْنا فَإِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ، وَافْتَحْ لَنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ، وَاغْفِرْ لَنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ، وَارْحَمْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ، وَاحْفَظْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ، وَاحْفَظْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ، وَاحْفَظْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ، وَارْزُقْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ، وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِين. وَهَبْ لَنَا رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِي عِلْمِكَ، وَانْشُرْها عَلَيْنَا مِنْ خَزائِنِ رَحْمَتِكَ، وَاحْمِلْنا بِهَا حَمْلَ الْكَرامَةِ مَعَ السَّلَامَةِ وَالْعافِيَةِ فِي الدِّينِ وَالدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا أُمُورَنا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوبِنَا وَأَبْدَانِنَا وَالسَّلامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِي دِيْنِنا وَدُنْيَانَا. وَكُنْ لَنا صاحِبًا فِي سَفَرِنَا وَحَضَرِنَا وَخَلِيفَةً فِي أَهْلِنَا وَأَمْوَالِنَا. وَاطْمِسْ عَلَى وُجُوهِ أَعْدائِنَا، وَاطْمِسْ عَلَى وُجُوهِ أَعْدَائِنَا، وَاطْمِسْ عَلَى وُجُوهِ أَعْدَائِنَا. وَامْسَخْهُمْ عَلَى مَكانَتِهِمْ فَلا يَسْتَطِيْعُونَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ إِلَيْنَا، وَامْسَخْهُمْ عَلَى مَكانَتِهِمْ فَلا يَسْتَطِيْعُونَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ إِلَيْنا، وَامْسَخْهُمْ عَلَى مَكانَتِهِمْ فَلا يَسْتَطِيْعُونَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ إِلَيْنا. ﴿وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ، وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ﴾. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ﴿يسٓ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ،

